© rasailojaraid.com



کاغذ، کتابت، طباعت     نہایت عمدہ

قیمت     بتیس روپے

ناشر     البدر پبلی کیشنز ۔ ۴۰ بی اردو بازار لاہور ۔

بانیٔ جماعتِ اسلامی مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودی صاحب سے کسی مسئلہ میں اختلاف تو کیا جا سکتا ہے لیکن اس حقیقت سے انکار کرنا ممکن نہیں کہ وہ عالمِ اسلام (بالخصوص پاکستان) کی ایک نہایت قدآور دینی و سیاسی شخصیت ہیں۔ ان کے لاکھوں مداحین میں سے بہت سے اصحاب مولانا سے جذباتی حد تک محبت اور عقیدت رکھتے ہیں۔ مولانا کا سالہا سال تک معمول رہا کہ وہ نماز عصر کے بعد کچھ دیر تک عام ملاقات کے لیے اپنی اقامت گاہ ۵۔ اے ذیلدار پارک میں اندرونِ خانہ سے باہر تشریف رکھتے۔ اس وقت ہر شخص ان سے بلا روک ٹوک مل سکتا اور اپنی الجھنوں اور اشکالات کو ان کے سامنے پیش کر سکتا۔ (افسوس کہ اب کچھ عرصہ سے مولانا کی علالت کی وجہ سے ان عصرانہ نشستوں کا سلسلہ بند ہو چکا ہے) یہ کتاب مولانا کی ایسی ہی بے شمار نشستوں کی روئیداد کا دلآویز مجموعہ ہے جسے مرزا منظفر بیگ صاحب مدیر ہفت روزہ آئین لاہور نے بڑی محبت اور عقیدت کے ساتھ مرتب کیا ہے۔ پیرایۂ بیان نہایت شستہ اور اثر انگیز ہے جس نے کتاب کو اس قدر دلچسپ بنا دیا ہے کہ ایک دفعہ شروع کر کے ختم کیے بغیر ہاتھ سے رکھنے کو جی نہیں چاہتا۔ اس کتاب کو پڑھ کر مولانا کی بے پناہ ذہانت، فطانت، وسعتِ معلومات اور تبحرِ علمی کا لامحالہ اعتراف کرنا پڑتا ہے۔ بعض لوگ ان مجالس میں مولانا سے بڑے سے بڑے ٹیڑھے سوال کرتے لیکن مولانا ایسے جامع اور برجستہ جواب دیتے کہ سوال کرنے والے کے ساتھ دوسرے تمام حاضرین کو بھی انشراحِ قلب ہو جاتا۔

مرزا منظفر بیگ صاحب نے یہ کتاب مرتب کر کے ایک گراں قدر علمی خدمت انجام دی ہے۔ ادارہ البدر پبلی کیشنز بھی مبارکباد اور تحسین کا مستحق ہے جس نے اس کتاب کو ایسے خوبصورت انداز میں شائع کیا۔ کتاب کا دیباچہ ادیبِ شہیر جناب نعیم صدیقی صاحب نے لکھا ہے جو بجائے خود ایک دلکش ادبی مقالہ ہے۔

اس کتاب کو پڑھ کر معلومات میں اضافہ ہوتا ہے اور دل میں دین کے لیے کام کرنے کی تڑپ پیدا ہوتی ہے۔ یہ کتاب ہر لحاظ سے مطالعہ کے لائق ہے۔ ہمیں امید ہے کہ کوئی علمی، ادبی اور دینی لائبریری اس کتاب سے خالی نہیں رہے گی۔



© rasailojaraid.com